سوال

(150)زکاۃ کے پیسے کے صحیح حقدار

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زکواۃ کا پیسہ متقی پرہیزگار کا حق ہے۔ یا ہر مسکین غریب کا بہت روپیہ ہونے پر چند مساکین کو دینا چند کو نہ دینا مساکین کی حق تلفی ہے یا نہیں۔ پڑوسی سید کو حق پڑوسی سمجھ کر زکواۃ دینا کیسا ہے۔؟ اور غریب لاچار ہندو کو دے سکتے ہیں۔ یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصرف زکواۃ غریب مساکین ہیں۔ اس میں مومن کافر کی تمیز نہیں۔ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ ٦٠ سورة التوبة غریب سید کے ساتھ اور طرح سے سلوک کریں۔ زکواۃ ان پر حرام ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 246

محدث فتویٰ